گھر میں سیسہ کے پینٹ کے خطرات

کرایہ داروں کو اپنے حقوق اور ذمہ
داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے

آپ کو سیسہ کے پینٹ کے بارے میں کیا جاننا چاہیے

سیسہ ایک زہر ہے جو اکثر پرانے پینٹ میں پایا جاتا ہے۔ سیسے والا پینٹ اور اس سے بننے والی دھول، بچپن میں سیسے کی زہر آلودگی کا سب سے عمومی طور پر شناخت شدہ ماخذ ہے۔ سیسے کی زہر آلودگی بچوں میں آموزش اور رویے کے مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔ رہائشی عمارتوں میں سیسہ والے پینٹ کے استعمال پر نیو یارک سٹی (NYC) میں 1960 میں پابندی لگا دی گئی تھی۔ 1960 سے پہلے کی بنی عمارتوں میں دیواروں، کھڑکیوں، جنگلوں، دروازوں اور دیگر سطحوں پر اب بھی سیسہ والا پینٹ ہے۔

اگر سیسہ جھڑنا شروع ہو جاتا ہے یا گھر کی مرمتیں غیر محفوظ انداز میں کی جاتی ہیں تو سیسہ والا پینٹ اور دھول آپ کے گھر میں چاروں طرف پھیل سکتے ہیں۔ جب بچے اپنے ہاتھوں اور کھلونوں کو اپنے منہ میں رکھتے ہیں تب وہ سیسہ والی دھول نگل سکتے ہیں۔

سیسے کی زہر آلودگی سے بچوں کا تحفظ کرنے کے لیے NYC میں قوانین اور خدمات موجود ہیں۔ مکان مالکوں پر ان اپارٹمنٹس میں سیسہ والے پینٹ کے خطرات کو شناخت اور ٹھیک کرنا لازم ہے جہاں 5 سال یا کم عمر کے بچے رہتے ہیں یا معمول کے مطابق ہفتے میں 10 گھنٹے یا اس سے زائد وقت گزارتے ہوں۔ یہ قوانین لاگو ہوتے ہیں اگر عمارت میں تین یا زائد اپارٹمنٹس ہوں اور وہ 1960 سے پہلے (یا اگر مالک کو معلوم ہو کہ عمارت میں سیسہ والا پینٹ ہے تو 1960 اور 1978 کے بیچ) بنی تھی، یا اگر ایک یا دو فیملی والے گھر میں کوئی رینٹل یونٹ ہو۔

قانون کے بارے میں آپ کو کیا جاننا چاہیے

کرایہ داروں کے لیے اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو جان لینا ضروری ہے۔

مکان مالکان پر لازم ہے کہ:

- یہ پتہ کریں کہ آیا عمارت میں 5 سال یا کم عمر کا کوئی بچہ رہتا ہے یا معمول کے مطابق ہفتے میں 10 گھنٹے یا اس سے زائد وقت گزارتا ہے، اور سیسہ والے پینٹ کے خطرات کے مدنظر ہر سال ان اپارٹمنٹس کا معائنہ کریں۔
- تمام رینٹل یونٹس، بشمول ایک یا دو فیملی والے گھروں میں سیسہ والے پینٹ کے خطرات کی مرمت کریں، قبل اس سے کہ کوئی نیا کرایہ دار اس میں منتقل ہو۔
- سیسہ والے پینٹ کے خطرات کو ٹھیک کرتے وقت اور جس عمومی مرمتی کام سے سیسہ والے پینٹ میں خلل پڑے اسے انجام دیتے وقت کام کرنے کے محفوظ طرز عمل اور تربیت یافتہ کارکنان کا استعمال کریں۔
- 100 مربع فٹ سے زیادہ سیسہ والے پینٹ میں خلل ڈالنے، کھڑکیاں تبدیل کرنے یا NYC محکمہ برائے ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ سے جاری شدہ خلاف ورزیاں ٹھیک کرنے کے وقت امریکی ماحولیاتی تحفظ ایجنسی سے مصدقہ فرموں کا استعمال کریں۔

کرایہ داروں پر لازم ہے کہ:

- انہیں اپنے مکان مالک سے جو سالانہ نوٹس موصول ہوتا ہے اسے پُر کر کے واپس بھیجیں۔ یہ فارم مکان مالک کو بتاتا ہے کہ آیا اس اپارٹمنٹ میں کوئی بچہ رہتا ہے یا معمول کے مطابق وقت گزارتا ہے۔
- مکان مالک کو تحریری شکل میں مطلع کریں اگر کرایہ دار کے پاس کوئی بچہ ہے یا اگر 5 سال یا اس سے کم عمر کا بچہ اس اپارٹمنٹ میں رہنے آتا ہے یا معمول کے مطابق ہفتے میں 10 گھنٹے یا اس سے زیادہ وقت گزارنا شروع کرتا ہے۔

کام کرنے کے محفوظ طرز عمل میں شامل ہے:

- کام والے ایریا کے باہر انتباہی نشانیاں پوسٹ کرنا۔
- تمام فرنیچر کو منتقل کرنا یا ڈھک دینا اور فرش، دروازوں، اور دیگر کھلی جگہوں کو پلاسٹک اور واٹر پروف ٹیپ سے مہر بند کر دینا۔
- کام کرنے کی جگہ کو روزانہ یا تو گیلی صافیوں یا HEPA ویکیوم سے صاف کرنا اور کام ہو جانے کے بعد گیلی صافیاں اور HEPA ویکیوم دونوں سے صاف کرنا۔
- کام مکمل ہو جانے پر کسی تربیت یافتہ فرد سے دھول والی صافیوں سے صفائی کروانا تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ سیسہ والے دھول کی سطحیں محفوظ ہیں، اور نتائج کی ایک کاپی کرایہ دار کو دینا۔

مکان مالکوں اور ٹھیکیداروں کو کبھی بھی سیسہ والے پینٹ کو ڈرائی اسکریپ یا ڈرائی سینڈ نہیں کرنا چاہیے۔

بچوں کو سیسہ والے پینٹ سے بچانے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں

- اپنے اپارٹمنٹ میں جھڑنے والے، پھٹے ہوئے یا ڈھیلے پینٹ کی رپورٹ اپنے مکان مالک کو کریں۔
- اگر آپ کا مکان مالک جھڑنے والے پینٹ کو ٹھیک نہیں کرتا ہے یا اگر آپ کے خیال سے مرمتی کام غیر محفوظ طریقے سے کیا جا رہا ہے تو، آپ **311** پر کال کر کے مفت معائنہ کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- فرش، جنگلوں، ہاتھوں، کھلونوں اور چوسنیوں کو کثرت سے دھوئیں۔
- 1 سال اور 2 سال کی عمر میں اپنے ڈاکٹر سے سیسے کی زہر آلودگی کے مدنظر اپنے بچے کا ٹیسٹ کرنے کی یاد دلائیں۔ ڈاکٹر سے بڑے بچوں کی ٹیسٹنگ کے بارے میں پوچھیں۔ اگر آپ کا کوئی ڈاکٹر نہیں ہے تو، **311** پر کال کر کے پتہ کریں کہ اپنے بچے کا ٹیسٹ کہاں کروائیں۔

سیسے کی زہر آلودگی کو روکنے میں آپ مدد کر سکتے ہیں

311 پر کال کریں تاکہ:

- کام کے غیر محفوظ طرز عمل کی رپورٹ کریں۔
- سیسے کی زہر آلودگی روکنے کے بارے میں مزید جانیں۔
- پینے کے پانی کے مدنظر سیسہ کے ٹیسٹ کی مفت کٹ کا آرڈر کریں۔ آپ کو پانی کا نمونہ جمع کروانے سے 30 دن کے اندر نتائج موصول ہو جائیں گے۔
- پتہ کریں کہ سیسے کی زہر آلودگی کے مدنظر اپنے بچے کا ٹیسٹ اور علاج کہاں کروائیں۔
- اس بروشر کی یا سیسے کی زہر آلودگی روکنے کے بارے میں دیگر مواد کی مزید کاپیوں کا آرڈر کریں۔

متعدد ڈویلنگ والی عمارتوں (تین یا زائد اپارٹمنٹس) کے مالکان پر لازم ہے کہ یہ بروشر کرایہ داروں کو اس وقت دیں جب وہ لیز پر دستخط کریں یا کسی اپارٹمنٹ میں منتقل ہوں اگر وہ عمارت 1960 سے پہلے (یا اگر مالک کو معلوم ہو کہ عمارت میں سیسہ والا پینٹ ہے تو 1960 اور 1978 کے بیچ) بنی تھی، یا اگر ایک یا دو فیملی والے گھر میں کوئی رینٹل یونٹ ہو۔ یہ بروشر بنیادی قانونی معلومات پر مشتمل ہے اور صرف آپ کی سہولت کے لیے فراہم کیا گیا ہے۔ قوانین اور قابل اطلاق اصولوں کی ایک کاپی کے لیے، **nyc.gov/hpd** ملاحظہ کریں اور **"lead poisoning" (سیسہ کی زہر آلودگی)** تلاش کریں۔

سیسہ کی زہر آلودگی روکنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/leadfree** ملاحظہ کریں۔

NYC Health

EHS1324041 - 10.21
Urdu